**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**MAY 2012**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time allowed: 2 hours 15 minutes Marks 45**

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور تصدیق کیجیے کہ وہ درست ہیں۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

2۔ **خصوصی ہدایت:** اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

## حصۂ نثر:

سوالـ1 (کل 7 نمبر)

"جنگ کے میدان میں وہ ایک لمحہ بھی نہیں رکتی، کبھی یہاں ہے، کبھی وہاں ہے، گولیاں برستی رہتی ہیں، توپیں گولے اُگلتی رہتی ہیں، دھواں پھیلتا رہتا ہے، مگر کوئی چیز بھی فاطمہ کو نہیں روک سکتی باجی! فاطمہ پر فخر صرف آپ کو ہی نہیں ہے، ہم سب کو ہے، فاطمہ عرب لڑکی ہے، مسلمان لڑکی ہے۔"

(الف) درج بالا عبارت میں فاطمہ نامی کس لڑکی کا ذکر ہے اور اُس پر فخر کا سبب کیا ہے؟ (3 نمبر)

"مغل بادشاہوں کا آفتابِ جلال غروب ہو رہا تھا۔ دلّی کے لال قلعے میں مغلوں کی آخری شمع جھلملا رہی تھی۔ بادشاہ کی حیثیت شاہ شطرنج سے زیادہ نہ تھی۔"

(ب) درج بالا عبارت میں آخری شمع سے کیا مراد ہے اور بادشاہ کی حیثیت کو شاہ شطرنج کیوں کہا گیا ہے؟ (2 نمبر)

"اسلام کی عبادت کا یہ پہلا رکن ہے جو امیر و غریب، بوڑھے و جوان، عورت و مرد، بیمار و تندرست سب پر یکساں فرض ہے۔ یہی وہ عبادت ہے جو کسی شخص سے کسی حال میں بھی ساقط نہیں ہوتی۔"

(ج) درج بالا اقتباس میں عبادت کے کس رکن کی بات کی گئی ہے؟ یہ کیوں کہا گیا ہے کہ یہ کسی حال میں ساقط نہیں ہوتی؟ (2 نمبر)

## حصۂ نظم:

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف) نظم اور غزل میں کیا فرق ہے اسے تحریر کیجیے اور کسی **ایک** کی وضاحت صرف **دو** نکات سے کیجیے۔ (4 نمبر)

(ب) کنایہ **یا** مجاز مرسل کو صرف **ایک** مثال سے واضح کریں؟ (2 نمبر)

| |
|---|
| ہونٹوں پہ کبھی ان کے مرا نام ہی آئے<br>آئے تو سہی بر سرِ الزام ہی آئے |
| تصور سے کسی کے میں نے کی ہے گفتگو برسوں<br>رہی ہے ایک تصویرِ خیالی رُو بہ رُو برسوں |

(ج) درج بالا اشعار میں سے کسی **ایک** کی مختصراً تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجیے۔ (2نمبر)

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

ہنگاموں سے بھرپور انٹرنیشنل کیرئیر کے بعد بھی راولپنڈی ایکسپریس کے نام سے معروف دنیا کے تیز ترین پاکستانی بالر شعیب اختر نے ایک اور باؤنسر پھینکا ہے۔ شعیب اختر کا کہنا ہے کہ انہیں وسیم اکرم کے مقابلے میں پوری ٹیم نے بہت سپورٹ کیا۔ شعیب اختر نے اپنی کتاب میں بال ٹمپرنگ کا اعتراف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بال ٹمپرنگ کی اجازت ہونی چاہیے۔ شعیب اختر نے بھارتی کھلاڑیوں کو میچ وننگ کھلاڑی تسلیم کرنے سے انکار کیا ہے۔ سابق اسپیڈ اسٹار کا جب انڈیا میں ایکسپوژر ہوا تھا تو انہوں کئی بار بھارتی کھلاڑیوں کو تگنی کا ناچ نچاتے ہوئے کلین بولڈ کیا تھا۔ سچن کے علاوہ دنیا کا کوئی ایسا بیٹسمین نہیں جو شعیب اختر کی برق رفتار گیندوں کا نشانہ نہ بنا ہو۔ بہت کم عرصے میں انہوں نے اپنے آپ کو دنیا کا تیز ترین بالر منوایا اور مختلف قسم کے نصابی اور غیر نصابی تنازعات میں الجھتے ہوئے اسی تیز رفتاری کے ساتھ اپنے چمکتے دمکتے کیرئیر کو بٹہ لگالیا۔ اب وہ اپنی آپ بیتی کے ساتھ سامنے آئے ہیں۔ جیسے جیسے اس کتاب کے اقتباسات سامنے آتے جائیں گے دنیائے کرکٹ میں وہی سنسنی اور ہلچل پیدا ہوتی رہے گی جو شعیب اختر کی میدان میں موجودگی کے دوران مخالف ٹیم کے کھلاڑیوں اور تماشائیوں میں پائی جاتی تھی۔

(اخذ کردہ۔ اخبارِ جنگ)

شعیب اختر کی شخصیت کو کیوں سنسنی خیز تصوّر کیا جاتا تھا/ہے؟ تبصرہ کیجیے اور کم از کم دو دلائل اور دو مثالوں کی مدد سے اسے ثابت بھی کیجیے۔

## تخلیقی تحریر:

سوال-4 (کل 15 نمبر)



درج بالا تصویری خاکے کے پس منظر میں **مضمون** لکھیے۔

**ہدایات:**

1. اپنی تحریر کا عنوان تجویز کیجیے۔
2. حالیہ واقعات کو مدِّ نظر رکھیے۔
3. طنز و مزاح کو اپنی تحریر کا حصّہ بنائیے۔

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

آپ کے دوست / سہیلی نے آپ کی سال گرہ پر ایک تحفہ بھیجا تھا جو ابھی تک آپ کو نہیں ملا لہٰذا نجی کوریئر سروس کے نام پارسل کی گمشدگی کی شکایت کے لیے ایک درخواست تحریر کیجیے۔

اختتام

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work